روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 15 راگست 2009ء 23 شعبان 1430 ہجری 15 ظہور 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 184

دعوت الی اللہ کا اجر

حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ تیرے ذریعہ ایک شخص کو ہدایت دے دے تو یہ تیرے لئے اعلیٰ درجہ کے سرخ اونٹوں کے مل جانے سے بہتر ہے (سرخ اونٹ عربوں کی قیمتی متاع اور دولت سمجھی جاتی تھی)

(بخاری کتاب الجہاد باب دعاء النبی الناس الی السلام حدیث نمبر 2724)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعوت پہنچا دینے میں دو امر ضروری ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ وہ شخص جو خدا کی طرف سے بھیجا گیا ہے وہ لوگوں کو اطلاع دیدے کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے بھیجا گیا ہوں اور اُن کو اُن کی غلطیوں پر متنبہ کردے کہ فلاں فلاں اعتقاد میں تم خطا پر ہو۔ یا فلاں فلاں عملی حالت میں تم سُست ہو۔ دوسرے یہ کہ آسمانی نشانوں اور دلائل عقلیہ اور نقلیہ سے اپنا سچا ہونا ثابت کرے اور عادت اللہ اس طرح پر ہے کہ اوّل اپنے نبیوں اور مُرسلوں کو اس قدر مہلت دیتا ہے کہ دنیا کے بہت سے حصہ میں اُن کا نام پھیل جاتا ہے اور اُن کے دعویٰ سے لوگ مطلع ہو جاتے ہیں اور پھر آسمانی نشانوں اور دلائل عقلیہ اور نقلیہ کے ساتھ لوگوں پر اتمام حُجت کر دیتا ہے اور دنیا میں خارق عادت طور پر شہرت دینا اور روشن نشانوں کے ساتھ اتمام حجت کرنا خدا تعالیٰ کے نزدیک غیر ممکن نہیں جس طرح تم دیکھتے ہو کہ ایک دم میں آسمان کے ایک کنارہ سے بجلی چمکتی اور دوسرے کنارہ تک پھیل جاتی ہے۔ اِسی طرح خدا کے حکم سے خدا کے رسولوں کو شہرت دی جاتی ہے اور خدا کے فرشتے زمین پر اُترتے اور سعید لوگوں کے دِلوں میں ڈالتے ہیں کہ جن راہوں کو تم نے اختیار کر رکھا ہے وہ صحیح نہیں ہیں تب ایسے لوگ راہ راست کی تلاش میں لگ جاتے ہیں اور دوسری طرف خدا تعالیٰ ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے کہ اس کے امام وقت کی خبر ان لوگوں کو پہنچ جاتی ہے۔ بالخصوص یہ زمانہ تو ایسا زمانہ ہے کہ چند دنوں میں ایک نامی ڈاکو کی بھی بدنامی کے ساتھ تمام دنیا میں شہرت ہو سکتی ہے تو کیا خدا تعالیٰ کے بندے جن کے ساتھ ہر وقت خدا ہے وہ اِس دنیا میں شہرت نہیں پا سکتے اور مخفی رہتے ہیں اور خدا اُن کی شہرت پر قادر نہیں ہوتا .... میرے وقت میں ممالک مختلفہ کے باہمی تعلقات بباعث سواری ریل اور تار اور انتظام ڈاک اور انتظام سفر بحری اور برّی اس قدر بڑھ گئے ہیں کہ گویا اب تمام ممالک ایک ہی ملک کا حکم رکھتے ہیں بلکہ ایک ہی شہر کا حکم رکھتے ہیں اور ایک شخص اگر سیر کرنا چاہے تو تھوڑی مدت میں تمام دنیا کا سیر کر کے آ سکتا ہے۔ ماسوا اس کے کتابوں کا لکھنا ایسا سہل اور آسان ہو گیا ہے کہ ایسی ایسی چھاپوں کی کلیں ایجاد ہو گئی ہیں کہ جس کسی ضخیم کتاب کے چند مجلد سو برس میں بھی نہیں لکھ سکتے تھے اس کے کئی لاکھ نسخے ایک دو برس میں لکھ سکتے ہیں اور تمام مُلک میں شائع ہو سکتے ہیں اور ہر ایک پہلو سے .... کے لئے بھی اس قدر آسانیاں ہو گئی ہیں کہ ہمارے مُلک میں آج سے سو برس پہلے اُن کا نام ونشان نہ تھا اور آج سے پہلے اگر پچاس برس پر نظر ڈالی جائے تو ثابت ہو گا کہ اکثر لوگ ناخواندہ اور جاہل تھے مگر اب بباعث کثرت مدارس کے جو دیہات میں بھی قائم کئے گئے ہیں اس قدر استعداد علمیّت لوگوں کو حاصل ہو گئی ہے کہ وہ دینی کتابوں کو بڑی آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔

(حقیقة الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 169)

خاص دعاؤں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 7 راگست 2009ء میں گوجرہ میں عیسائیوں پر کئے گئے مظالم کی مذمت کی۔ آپ نے فرمایا کہ ملک میں مذہب کے نام پر ظلم اور لاقانونیت کا سلسلہ بڑھ رہا ہے اس لئے آپ نے پاکستانی احمدیوں کو خاص طور پر دعاؤں میں یاد رکھنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا۔

"دعا کریں۔ خاص طور پر پاکستان کے احمدی اور اللہ تعالیٰ کے حضور جھکیں۔ اس کی پناہ طلب کریں۔ اپنے اعمال کو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کریں۔ صدقات پر زور دیں۔ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر احمدی کو محفوظ رکھے اور جماعت کو پاکستان میں بھی اور دوسری جگہوں پر بھی اپنی خاص حفاظت میں رکھے۔ آمین"

دعا کی خاص درخواست

❁ محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت گزشتہ چند دنوں سے علیل ہیں۔ طبیعت پہلے سے قدرے بہتر ہے، طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں داخل ہیں۔ احباب جماعت اس دیرینہ خادم سلسلہ کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے، جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے اور صحت والی لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین

ضرورت سیکیورٹی گارڈز

❁ نظارت تعلیم کے سکولز میں سیکیورٹی گارڈز کی ضرورت ہے۔ صحت مند اور چاق وچوبند افراد مورخہ 25 راگست 2009ء تک اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم مکمل کوائف و رابطہ نمبر ہمراہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور صدر صاحب رامیر جماعت کی تصدیق کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ بھجوا دیں۔ فوج سے ریٹائرڈ افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

(نظارت تعلیم)

مشعل راہ

نماز کی خاطر اٹھا ہر قدم ایک خطا مٹاتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 3/اکتوبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے ہر شخص اس وقت تک نماز میں مشغول شمار ہوتا ہے جب تک وہ نماز کے انتظار میں ہوتا ہے اور تم میں سے ہر شخص کے لئے فرشتے یہ دعائیں کرتے رہتے ہیں کہ اے اللہ! تو اسے بخش دے۔ اے اللہ! تو اس پر رحم فرما۔ جب تک وہ............ میں ہو۔

(ترمذی، کتاب الصلوٰۃ، باب ماجاء فی القعو د فی المسجد)

ہر انسان جو اس معاشرے میں رہ رہا ہے اس کی چکا چوند سے متاثر ہوتا ہے۔ مادیت کا لالچ اس پر بار بار حملہ کر رہا ہوتا ہے۔ شیطان اپنا پورا زور لگا رہا ہوتا ہے کہ میں اس شخص کو کسی طرح قابو کروں اور اس کو خدا سے دور لے جاؤں۔ بعض دفعہ یہی ہوتا ہے کہ چلو یہ کام ہے، دنیاداری کا کام چھوٹا سا یہ پہلے کرلو، نماز بعد میں پڑھ لیں گے ابھی کافی وقت ہے۔ تو یہ شخص اپنی روحانی سرحد کے اس دائرے کو کمزور کر رہا ہوتا ہے اور جب یہ دائرہ کمزر ہو جاتا ہے تو پھر شیطان حملہ کر کے اس کو بہت دور لے جاتا ہے۔ بعض دفعہ یہی ہوتا ہے کہ چلو پڑھ لیں گے، ٹھہر کر پڑھ لیں گے۔ تو پھر وہ نماز رہ ہی جاتی ہے یا پھر اتنی جلدی میں پڑھی جاتی ہے جیسے جلدی جلدی کوئی مصیبت گلے سے اتاری جائے۔ تو اس سستی سے بچنا چاہئے۔ مومن کا دل تو نماز کی طرف رہنا چاہئے اور اس مادی دنیا میں تو آج کل یہ سب سے بڑا جہاد ہے۔ حدیث میں آتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں آپ کو وہ عمل نہ بتاؤں جس کے کرنے سے اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے اور درجات کو بلند فرماتا ہے''۔ فرمایا وہ یہ ہے کہ: ''جی نہ چاہتے ہوئے بھی کامل وضو کرنا، اور (بیت الذکر) کی طرف زیادہ چل کر جانا، نیز ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ یہ رباط ہے، یہ رباط ہے، یہ رباط ہے (سرحدوں پر گھوڑے باندھنا یعنی تیاری جہاد)''۔

(سنن النسائی، کتاب الطہارۃ، باب الامر باسباغ الوضوء)

تو یہ ہر مومن کا فرض ہے کہ اپنی روحانی سرحدوں کی حفاظت کرے کیونکہ جب سب مل کر اس طرح سرحدوں کی حفاظت کریں گے اور (بیت الذکر) میں آئیں گے اور (بیت الذکر) کو آباد کریں گے تو پھر کوئی دشمن نہیں جو کبھی ہمیں نقصان پہنچا سکے۔ انشاء اللہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ خوشخبری دے رہے ہیں کہ اس طرح کرو گے تو ہمیشہ محفوظ رہو گے، ہر دشمن سے بچے رہو گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: 'باجماعت نماز ادا کرنا گھر اور بازار میں اکیلے پڑھنے سے پچیس گنا زیادہ اجر کا موجب ہے۔ تم میں سے جب کوئی اچھی طرح وضو کرے اور............ میں محض نماز کی خاطر آئے تو وہ کوئی قدم نہیں اٹھاتا مگر اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلہ میں اس کی ایک خطا معاف کر دیتا ہے اور اس کا ایک درجہ بلند فرماتا جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ............ میں داخل ہو جائے اور جب وہ مسجد میں آ جاتا ہے تو جب تک نماز کے لئے وہاں رکا ہے نماز ہی میں شمار ہوگا۔ اس کے لئے ملائکہ دعا کرتے رہتے ہیں کہ............ یہ حالت اس وقت تک رہتی ہے جب تک کہ وہ کسی اور کام یا بات میں مصروف نہیں ہوتا۔ (صحیح بخاری ۔ کتاب الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ فی المسجد)

(روزنامہ الفضل 10 فروری 2004ء)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

18/اگست 2009ء

12-05 am	عربی سروس
1-25 am	لقاء مع العرب
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
3-05 am	چلڈرن کلاس
4-05 am	خطبہ جمعہ 15/اگست 2008ء
5-10 am	طب وصحت
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-55 am	لقاء مع العرب
8-55 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-20 am	خطبہ جمعہ 15/اگست 2008ء
10-10 am	فرنچ سروس
11-00 am	خلافت جوبلی مشاعرہ
12-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
1-00 pm	بستان وقف نو
2-10 pm	سوال وجواب 21 جون 1996ء
3-20 pm	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
4-10 pm	انڈونیشین سروس
5-10 pm	سندھی سروس
6-15 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
7-10 pm	بنگلہ پروگرام
8-10 pm	لجنہ یوکے کا اجتماع 2004ء
9-00 pm	بستان وقف نو
10-15 pm	سوال وجواب 21 جون 1996ء
11-25 pm	سفر بذریعہ ایم۔ ٹی۔اے

19/اگست 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
1-40 am	عربی سروس
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-15 am	بستان وقف نو
4-10 am	لجنہ یوکے کا اجتماع 2004ء
4-50 am	انتخاب سخن
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-20 am	تلاوت، درس ملفوظات
7-15 am	لقاء مع العرب 2 مئی 1995ء
8-10 am	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
9-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-20 am	عربی سیکھئے
9-40 am	سوال وجواب
10-50 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-30 am	لجنہ یوکے کا اجتماع 2004ء
12-50 pm	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
1-00 pm	گلشن وقف نو
2-00 pm	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
3-15 pm	سوال وجواب
3-55 pm	انڈونیشین سروس
4-55 pm	سواحیلی سروس
5-55 pm	تلاوت، خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
8-00 pm	تقریر جلسہ سالانہ
8-45 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 5 دسمبر 1986ء
9-30 pm	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
9-55 pm	گلشن وقف نو
11-10 pm	سوال وجواب
11-54 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں

20/اگست 2009ء

12-10 am	درس حدیث
12-30 am	عربی سروس
1-30 am	لقاء مع العرب
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-00 am	گلشن وقف نو (ناصرات) کلاس
4-15 am	تقاریر جلسہ سالانہ
5-00 am	خطبہ جمعہ 5 دسمبر 1986ء
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am	تلاوت
6-20 am	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
7-35 am	لقاء مع العرب
8-35 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-50 am	خطبہ جمعہ 5 دسمبر 1986ء
9-45 am	پُرکشش آسٹریلیا
10-10 am	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
11-25 am	تقاریر جلسہ سالانہ
12-05 pm	تلاوت
12-20 pm	علمی خطبات، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث 24 دسمبر 1976ء
12-50 pm	گلشن وقف نو
2-00 pm	ملاقات پروگرام انگریزی زبان میں
3-10 pm	کڈز میٹر
3-45 pm	سیرت النبی ﷺ
4-05 pm	انڈونیشین سروس
5-15 pm	پشتو سروس
6-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات
6-30 pm	بنگلہ سروس
7-40 pm	ترجمۃ القرآن
8-40 pm	تقاریر جلسہ سالانہ
10-05 pm	علمی خطبات
10-30 pm	سیرت النبی ﷺ
11-50 pm	ملاقات پروگرام انگریزی زبان میں

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

محترم مولانا منیر الدین احمد صاحب مربی سلسلہ کی خودنوشت سوانح عمری

خاندانی حالات، خلفاء کی شفقتیں، افریقہ و یورپ میں خدمات بیوت الذکر کی تعمیر اور دعوت الی اللّٰہ کے ایمان افروز واقعات

قسط اول

خاندانی حالات

میرا نام منیر الدین احمد ہے۔ میں پیدائشی احمدی ہوں۔ میرے والد میاں قمرالدین صاحب نے 1902ء میں بیعت کی تھی۔ اخبار الحکم میں آپ کی بیعت کا اعلان درج ہے۔ اس وقت ان کی عمر نوجوانی کی ہی تھی۔ آپ کے ماموں حضرت میاں میراں بخش صاحب ان سے پہلے جماعت میں شامل ہو چکے تھے۔ ان کی تحریک پر میرے والد صاحب نے بھی بیعت کی۔ پھر میرے چچا مکرم قائم دین صاحب بھی جماعت میں شامل ہوگئے۔ مجھے حضرت میاں میراں بخش صاحب کو دیکھنے کا شرف حاصل ہے۔ آخری عمر میں ان کی بینائی جاتی رہی۔ میں ان کو اخبار الفضل پڑھ کر سناتا تھا۔

ہم لوگ گوجرانوالہ شہر کے رہنے والے ہیں۔ مگر والد صاحب کاروباری سلسلے میں موضع بکلوہ چھاؤنی ضلع گورداسپور انڈیا منتقل ہوگئے تھے۔ یہاں پر گورکھا نیپالی پلٹن تھی۔ بکلوہ چھاؤنی پٹھان کوٹ اور ڈلہوزی کے درمیان واقع ہے۔ یہاں پر والد صاحب کی جنرل سٹور اور شوز کی دکان تھی۔

میری پیدائش بکلوہ چھاؤنی کی ہے والد صاحب کی ڈائری میں تحریر کے مطابق میری پیدائش 1926ء کی ہے بکلوہ سے کچھ فاصلے پر ریاست چنبہ کے راجہ کے زیر انتظام موضع گھٹاسنی میں سکول تھا۔ جس میں مفت تعلیم دی جاتی تھی اور کتابیں بھی سکول کی طرف سے ملتی تھیں۔ بوجوہ بڑی عمر وہاں داخلہ لیا۔ کیونکہ پیدل ہی آنا جانا ہوتا تھا۔ میرے ساتھ میرے بڑے بھائی ظہورالدین صاحب بھی داخل ہوئے۔ 1926ء مکرم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم کی پیدائش کا سال بھی ہے۔

میرا نام منیر دین رکھا گیا۔ سکول میں منیر الدین لکھا گیا۔ ہائی سکول میں خاکسار نے منیر الدین احمدی لکھنا شروع کر دیا۔ میٹرک کی سند میں منیر الدین احمدی ہے۔ کالج میں جا کر منیر الدین کھوکھر اختیار کیا گیا، چنانچہ یونیورسٹی کی اسناد ایف۔اے، بی۔اے اور ایم۔اے میں منیر الدین کھوکھر ہے۔ جامعہ میں جا کر منیر الدین احمد نام اختیار کیا گیا اب تک یہی استعمال ہو رہا ہے۔ شاہد کی سند میں منیر الدین احمد ہی ہے۔

بکلوہ پہاڑی علاقہ ہے۔ سردی وہاں خاصی پڑتی ہے برف باری بھی ہوتی ہے۔ یاد پڑتا ہے کہ جب ہم چھوٹے تھے تو برف میں کھیلا کرتے تھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی گرمیوں میں تبدیلی آب و ہوا کے لئے ڈلہوزی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ یہ ایک صحت افزا مقام ہے۔ انگریزوں کے زمانے میں یہ حکومت پنجاب کا موسم گرما کا دارالخلافہ ہوتا تھا جیسا کہ شملہ حکومت ہند کا گرما کا دارالخلافہ ہوتا تھا۔ ڈلہوزی سے پہلے ایک جگہ ڈنیرا ہے جہاں چشمے خوبصورت منظر پیش کرتے ہیں۔ میرے والد صاحب وہاں حضور سے ملاقات کے لئے تشریف لے جاتے تھے۔ کھانا وغیرہ تیار کروا کر ساتھ لے جاتے تھے۔ راستہ اونچا نیچا پہاڑی تھا اس لئے پیدل ہی جانا ہوتا تھا اور والد صاحب اکیلے ہی جاتے تھے۔ حضور سے شرف ملاقات حاصل کرتے۔ بعد میں جب ہم بڑے ہوئے تو حضور سے ملاقات کے موقع پر بکلوہ چھاؤنی کی نسبت سے تعارف ہوتا تھا۔ قمرالدین صاحب بکلوہ چھاؤنی والوں کے بیٹے ہیں۔

1937ء میں کاروباری حالات خراب ہونے کی وجہ سے والد صاحب نے بکلوہ چھوڑنے کا ارادہ کیا۔ فارغ ہو کر اس سال کے جلسہ سالانہ کے موقع پر قادیان گئے یہ میرا پہلا موقع قادیان جانے اور حضرت مصلح موعود کی زیارت کرنے کا تھا۔ بکلوہ سے روانگی پر سامان کافی تھا جو کہ پٹھان کوٹ کسی جگہ امانتاً رکھوا دیا اور جلسہ کے بعد سامان لے کر گوجرانوالہ آ گئے۔ یہاں پر آبائی مکان تھا۔ ہماری چچی صاحبہ یہاں رہتی تھیں۔ ان کے پاس ہمیں چھوڑ کر والد صاحب پھر قادیان تشریف لے گئے۔

قادیان میں محترم مولوی غلام احمد صاحب بدوملہی کے ساتھ مل کر شوز کا کاروبار شروع کیا۔ امرتسر جا کر سامان لاتے تھے۔ والد صاحب ایک دفعہ امرتسر سامان لینے گئے مگر واپس نہ آئے۔ بہت تلاش کی گئی۔ مگر ان کا کوئی پتہ نہ چلا۔ مولوی صاحب نے کاروبار جاری رکھا جو کہ بعد میں ربوہ میں رشید بوٹ ہاؤس کے نام سے جاری کیا گیا اور اب تک اسی نام سے جاری ہے۔

میرے بڑے بھائی مکرم عبدالرحیم صاحب شادی شدہ تھے۔ اپنے چچا قائم دین صاحب کے ہاں بیاہے ہوئے تھے۔ ٹیلرنگ کا کام کرتے تھے۔ دوسرے بھائی صدرالدین صاحب غیر شادی شدہ تھے۔ انہوں نے سنگر مشین کمپنی میں ملازمت کر لی۔ ایک بہن شادی شدہ تھیں۔ ایک ہم دونوں بھائیوں سے بڑی تھیں اور غیر شادی شدہ۔

ہم دو بھائی اور ہمشیرہ مع والدہ صاحبہ بھائی صاحبان کی زیر کفالت آ گئے۔ بڑے بھائی نے ہم دو بھائیوں کو سکول میں داخل کروا دیا۔ پرائمری کے بعد بھائی ظہورالدین صاحب کو بڑے بھائی عبدالرحیم صاحب نے اپنے ساتھ کام میں لگا لیا اور مجھے ہائی سکول میں داخل کرا دیا کیونکہ والد صاحب مجھے وقف کرنا چاہتے تھے۔ ان کی خواہش کو مدنظر رکھا گیا۔

ہمشیرہ کی شادی مکرم مختار محمود صاحب سے ہوئی۔ یہ حضرت میاں میرا بخش صاحب کے پوتے تھے اور آرمی میں ملازم تھے۔ صوبیدار کے عہدے سے فارغ ہو کر ربوہ آ گئے اور وکالت مال میں خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کر دیا اور مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ رہائش کے لئے تحریک جدید کا کوارٹر مل گیا۔ وفات کے بعد بہشتی مقبرہ میں آرام کر رہے ہیں۔ ان کی دو بیٹیاں ہیں بیٹا کوئی نہیں۔ ایک بیٹی مرزا نصیر احمد صاحب مربی سلسلہ سے بیاہی گئیں۔ دوسری اپنی خالہ کے بیٹے عبدالمجید صاحب درویش گوجرانوالہ کے ہاں بیاہی گئی ہیں۔

بعد ازاں دونوں بڑے بھائی بنگال و بہار کے علاقہ میں بسلسلہ روزگار چلے گئے وہاں رانچی میں پال خاندان سے تعارف ہوا۔ مکرم محمد الدین صاحب پال اور مکرم فیروز دین صاحب پال دو بھائی وہاں کاروبار کے سلسلہ میں گئے ہوئے تھے۔ سیالکوٹ شہر سے ان کا تعلق تھا۔ احمدیت کے ناطے ان سے اتنی قرابت ہوگئی کہ بھائی صدرالدین صاحب کا رشتہ فیروز دین صاحب کی بیٹی محمودہ بیگم سے طے پا گیا اور سیالکوٹ آ کر انہوں نے شادی کی۔ دوسری عبدالسلام ماڈرن ٹیلرز ربوہ سے بیاہی گئیں۔

بھائی عبدالرحیم صاحب سائپرس تشریف لے گئے وہاں برٹش آرمی تھی۔ اس میں ٹھیکیداری کا کام ان کو مل گیا۔ اپنے بڑے بیٹے عزیزم عبدالقدیر کو بھی انہوں نے وہاں بلا لیا۔ عزیز کو وہاں سر میں رسولی کی تکلیف ہوگئی۔ آپریشن کروایا گیا۔ مگر جانبر نہ ہو سکا۔ وہیں تدفین ہوئی۔ اس موقع پر بہتر معلوم ہوتا ہے کہ خاکسار بھائی عبدالرحیم صاحب کھوکھر کے بچوں کا بھی ذکر کر دے۔ سب سے بڑا بیٹا عبدالقدیر مرحوم، پھر عبدالرشید مرحوم، عبدالحفیظ کھوکھر مربی سلسلہ حال مقیم یو۔کے، منیرہ فاروق وزیر آباد، ڈاکٹر عبدالحکیم ناصر حال مقیم امریکہ، عبداللطیف کھوکھر حال مقیم جرمنی اور طاہر احمد کھوکھر حال مقیم امریکہ ہیں۔

مکرم صدرالدین صاحب کا ذکر خیر

اس جگہ خاکسار مختصراً بھائی صدرالدین صاحب کے حالات زندگی بھی رقم کرنا چاہتا ہے کیونکہ آپ نے بھی ایک واقف زندگی کی سی ہی زندگی گزاری۔

بھائی صدرالدین صاحب شادی کے بعد کچھ عرصہ گوجرانوالہ اور سیالکوٹ میں کام کرتے رہے۔ پھر کراچی شفٹ ہوگئے وہاں گورھن داس مارکیٹ میں کاروبار کیا اور ساتھ ساتھ جماعتی کام بھی کرتے رہے۔ کراچی میں آپ نے ایک لمبا عرصہ بطور سیکرٹری رشتہ ناطہ خدمت کی توفیق پائی اس کے لئے باقاعدہ دفتر قائم کیا اور بہت سے لڑکے اور لڑکیوں کے رشتے کروائے۔ اس کے علاوہ کراچی گیسٹ ہاؤس کی ڈیوٹی بھی ادا کرتے رہے۔ اس دوران خلفائے کرام جب بھی کراچی تشریف لائے ان کی خدمت اور مہمان نوازی کی بھی آپ کو سعادت نصیب ہوتی رہی۔ خلفاء کے ساتھ بھائی صاحب کا تعلق عشق کا رنگ رکھتا تھا۔ خدمت کے ساتھ ساتھ ان کی اطاعت کرنا بھی ایک فریضہ جانتے تھے۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے افراد کے ساتھ بھی خدمت کرنے والا تعلق رکھتے اور اس کو سعادت جانتے تھے۔ افراد خاندان بھی آپ کا بڑا ادب کرتے اور دعاؤں سے نوازتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے مکتوب میں بھی آپ کے متعلق پیار بھرا ذکر ہوتا۔

خدمت خلق کا جذبہ بھی آپ میں پایا جاتا تھا اور خدمت خلق کے کاموں کو مختلف رنگ میں بجالاتے تھے۔ بیوگان، یتامیٰ غریب طلباء اور دوسرے غرباء کا خاص خیال رکھتے تھے اور مناسب طور پر ان کی خدمت بجالاتے۔ اس کام میں غیر از جماعت دوست بھی شامل ہوتے تھے اور حتی المقدور ان کی بھی مدد کرتے تھے۔

بھائی صاحب کو یہ شرف بھی حاصل رہا کہ کراچی میں جماعتی کام کرنے کی وجہ سے ہر سال مجلس شوریٰ میں نمائندہ کراچی کے طور پر شامل ہوتے رہے۔ ربوہ تشریف لاتے تو تمام عزیزوں اور واقف کاروں سے ضرور ملاقات کرتے۔ ربوہ کے علاوہ دوسری جگہوں پر عزیزوں سے ملنے جاتے اور ساتھ ساتھ رشتہ ناطہ کا کام بھی کرتے جاتے۔ ایک کاپی ہر وقت آپ کے پاس ہوتی جس میں لڑکے اور لڑکیوں کے کوائف لکھے ہوتے تھے۔

جلسہ سالانہ UK کے موقع پر چائے کے سٹال پر کئی سال ڈیوٹی دینے کا شرف بھی بھائی صاحب کو حاصل رہا۔ یہ ڈیوٹی آپ نے اس رنگ میں ادا کی اب تک یاد کرتے ہیں۔ تقریباً 24 گھنٹے سٹال کھلا رہتا چائے تقسیم ہوتی رہتی اور آپ وہاں پر موجود ہوتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک جلسہ پر آپ کی اس خدمت کا نمایاں رنگ میں ذکر فرمایا۔ آپ ترنم

کے ساتھ احباب کو چائے کی دعوت دیتے تھے۔ حضور کو اس کا علم ہوا تو بھائی صاحب کو بلا کر فرمایا ذرا ہمیں بھی ترنم کر کے چائے کی دعوت کا طریقہ بتائیں۔ حضور سن کر بڑے محظوظ ہوئے۔ جرمنی اور کینیڈا میں بھی جلسوں پر ٹی سٹال کی ڈیوٹی دینے کا موقع ملا۔

1947ء کے پُر آشوب حالات میں مرکز کی حفاظت کے سلسلے میں قادیان جا کر حفاظت مرکز کی خدمت کا موقع ملا۔ میں بھی اس موقع پر خدمت کے لئے قادیان گیا تھا۔ اعلان پاکستان کے بعد خاکسار اپنی ہمشیرہ محترمہ سکینہ بیگم صاحبہ اہلیہ عبدالغنی صاحب اور ان کے بچوں کے ساتھ مرکز کی اجازت سے قافلے میں گوجرانوالہ آ گیا۔ مگر بھائی صدرالدین کھوکھر صاحب وہیں رہے۔ ہمارے بہنوئی مکرم عبدالغنی صاحب درویشان قادیان کی صف میں شامل ہوگئے۔ گو کچھ عرصہ بعد حضرت مصلح موعود کی اجازت سے گوجرانوالہ آ گئے اس لئے وہ درویش کہلواتے ہیں۔ یہ لقب ان کے بچوں کے نام کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

بھائی صدرالدین صاحب اور ہمارے کزن مکرم ابراہیم صاحب دونوں اکٹھے کراچی سے قادیان گئے پھر کچھ عرصے بعد بھائی صاحب کی واپسی ہوگئی مگر بھائی ابراہیم صاحب درویشان کی صف میں شامل ہو کر وہیں کے ہو رہے۔ وہیں شادی کی، مستقل قادیان کے باسی بن گئے اور بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں۔

بھائی صدرالدین صاحب کو ابتدائی عمر میں گوجرانوالہ میں مجلس خدام الاحمدیہ کے رکن کی حیثیت سے خدمت کا موقع ملا اسی طرح جماعتی کاموں میں بھی حصہ لیتے رہے۔ مکرم بابو عبدالرحمٰن صابر صاحب قائد وسیکرٹری اصلاح وارشاد گوجرانوالہ ان کے خاص دوست تھے۔ ان کے ساتھ سنگر مشین کمپنی میں ملازمت بھی کی اور جماعتی کاموں میں بھی شامل ہوتے رہے۔

خاندان کے واقفین زندگی

محترم والد صاحب کے 1938ء میں ہم سے جدا ہونے کے بعد ہم تین بہن بھائیوں اور والدہ صاحبہ کی ذمہ داری دونوں بڑے بھائیوں پر پڑی جو کہ انہوں نے بخوبی ادا کی۔ بھائی عبدالرحیم صاحب تو شادی شدہ تھے مگر صدرالدین صاحب کی شادی نہ ہوئی تھی۔ بھائیوں نے ہمشیرہ کی شادی کی۔ ہم دونوں چھوٹے بھائیوں کو پڑھایا۔ بھائی ظہورالدین صاحب کو بھائی عبدالرحیم صاحب نے اپنے ساتھ کام پر لگا لیا مگر مجھے کالج میں تعلیم دلائی کیونکہ والد صاحب نے مجھے وقف کر رکھا تھا چنانچہ بی۔اے کر کے خاکسار جامعہ احمدیہ میں داخل ہو گیا۔ بعد میں ایم۔اے بھی کر لیا۔ اللہ تعالیٰ بھائیوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اس جگہ خاکسار یہ بات بھی بیان کرنا چاہتا ہے کہ والد صاحب نے مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی اس تحریک کے نتیجے میں وقف کیا جو آپ نے خاندانی وقف کے حوالے سے جماعت میں رائج کی۔ یعنی ہر باپ اپنا بیٹا وقف کرے اور اس کی تعلیم وتربیت کا ذمہ اٹھائے۔ سو بھائی صدرالدین صاحب اور بھائی عبدالرحیم صاحب نے جہاں والد صاحب کی جگہ پر میری وقف کی ذمہ داری اٹھائی اور مجھے پورے طور پر Support کیا اور سارا خرچہ وغیرہ برداشت کیا وہاں ہم سب بھائیوں میں اس خاندانی وقف کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے عمل کرنے کا موقع بھی ملا۔

چنانچہ بھائی عبدالرحیم صاحب نے اپنے بیٹے عزیزم عبدالحفیظ کھوکھر کو وقف کیا جو کہ آجکل UK میں بطور مربی سلسلہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اسی طرح بھائی صدرالدین صاحب نے اپنے بیٹے عزیزم قمر داؤد کھوکھر کو وقف کیا۔

بھائی ظہورالدین کھوکھر صاحب کا کوئی بیٹا تو وقف نہیں ہے مگر ان کی دو بیٹیاں ماشاءاللہ واقفین سے بیاہی گئی ہیں۔ ایک عزیزہ امۃ الحئی، عزیزم قمر داؤد کھوکھر مربی سلسلہ صاحب سے اور دوسری بیٹی عزیزہ قدسیہ ظہور، عزیزم حافظ سید شاہد احمد صاحب مربی سلسلہ سے بیاہی گئی ہیں۔ یہ ایک رنگ میں وہ کمی پوری کرنے کی کوشش ہے کہ ان کا کوئی بیٹا تو وقف نہ ہو سکا مگر خدا نے ان کو دو واقفین کا خسر بننے کی سعادت سے نواز دیا۔

خاندانی وقف میں شامل ہونے کا خاکسار کو اس طرح اعزاز ملا ہے کہ میرے بیٹے عزیزم ظہیر احمد صاحب واقف زندگی ہیں اور اس وقت ساؤتھ افریقہ میں بطور مشنری انچارج خدمت بجا لا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے عزیزم ظہیر احمد کو بھی اس رنگ میں اس تحریک میں حصہ لینے کی توفیق دی کہ عزیز نے اپنی بیٹی سائرہ سحر کو وقف نو میں شامل کیا ہے۔

بھائی صدرالدین صاحب کے بیٹے عزیزم شمس داؤد کھوکھر صاحب کو بہت خدمت دین کا موقع ملتا رہا۔ بھائی صاحب کے ایک داماد ڈاکٹر عبدالحکیم ناصر صاحب امریکہ میں ہیں وہ بھی جماعت کے کاموں میں حصہ لیتے ہیں۔ آج کل اپنے حلقے کے صدر ہیں اور امریکہ میں ڈش انٹینا کا سارا کام ان کے سپرد ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ بھائی صاحب کی مغفرت فرمائے اور ان کے بچوں کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس جگہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ خاکسار بھائی صدرالدین صاحب کے بچوں کا بھی ذکر کر دے۔ سب سے بڑی بیٹی امۃ الودود اہلیہ عبدالحفیظ کھوکھر مربی سلسلہ یو۔کے پھر امۃ المتین اہلیہ ناصر احمد حال مقیم امریکہ، امۃ البصیر اہلیہ ڈاکٹر عبدالحکیم ناصر حال مقیم امریکہ، شمس داؤد کھوکھر حال مقیم ابو ظہبی، قمر داؤد کھوکھر آسٹریلیا اور امۃ المومن اہلیہ خالد محمود کھوکھر حال مقیم کینیڈا ہیں۔

جامعہ میں داخلہ وشادی

میں نے بی۔اے تک تعلیم حاصل کی تو میری شادی بھی مکرم فیروز دین صاحب پال کی بیٹی جمیلہ پال سے ہوگئی ساتھ ہی میں نے ربوہ جانے کا فیصلہ کیا کیونکہ وقف تھا بعد انٹرویو مجھے جامعۃ المبشرین میں داخلہ مل گیا سال بعد میری بیوی جمیلہ فوت ہوگئی۔ پھر جامعہ کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد 1959ء میں میری شادی مکرم جی۔ایم۔صادق صاحب کی بیٹی بشریٰ بیگم سے ہوگئی۔

ہمارا 46 سال ساتھ رہا۔ نکاح تو 1957ء کے جلسہ کے موقع پر حضرت مصلح موعود نے پڑھا جبکہ میں جامعۃ المبشرین کا طالب علم تھا شادی جامعہ سے فراغت کے بعد 1959ء میں ہوئی۔ جبکہ یہ لوگ کراچی میں مقیم تھے۔ میرے بڑے بھائی مکرم صدرالدین کھوکھر صاحب بھی کراچی میں تھے میں ان کے پاس چلا گیا اور وہیں شادی کا پروگرام انجام پایا۔

دعوت ولیمہ کے بعد ہمیں میرے سسرال والے اپنے ہاں ڈرگ روڈ کے علاقے میں لے گئے جہاں وہ مقیم تھے۔ میرے سسر سی۔ایم۔اے میں ہیڈ کلرک تھے اور کافی عرصہ سے امیدوار تھے کہ سی۔جی۔او (سویلین گزیٹڈ آفیسر) کے عہدے پر ترقی ہو۔ اس دن گھر پہنچے تو ان کو چٹھی ملی کہ آپ کی ترقی سی جی او کے طور پر ہوگئی اور کوئٹہ کے دفتر میں تبدیلی کر دی گئی ہے۔ وہاں جا کر اپنے عہدے کا چارج لے لیں۔ بڑے خوش ہوئے کہ ایک واقف زندگی سے واسطہ پڑنے پر اللہ نے فضل کیا اور بچی کی شادی کی خوشی کے ساتھ ساتھ ترقی کی خوشی بھی عطا کی۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ میری بیوی کی اس وقت تین بہنیں تھیں بھائی کوئی بھی نہ تھا۔ ان کے والدین کو مشورہ دیا گیا کہ اب کی بار بھی لڑکی پیدا ہو تو اس کا نام بشریٰ رکھنا پھر خدا تعالیٰ بیٹا عطا فرمائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بعد ازاں خدا تعالیٰ نے دو بیٹوں سے نوازا۔ ایک مسعود احمد حال مقیم سویڈن اور دوسرا مشہود احمد حال مقیم ربوہ۔ اس کے بعد پھر ایک بیٹی مسعودہ بیگم پیدا ہوئیں جو کہ آج کل لاہور میں مقیم ہے۔

مشرقی افریقہ میں خدمات

شادی کے ایک سال بعد مجھے مشرقی افریقہ کے ملک یوگنڈا جانے کا ارشاد ہوا۔ پروگرام کے مطابق ربوہ سے فارغ ہو کر میں گوجرانوالہ آیا کیونکہ بیوی کو یہاں گھر چھوڑنا تھا۔ جماعت گوجرانوالہ کے احباب سے بھی ملنا تھا۔ یہاں سے رخصت ہونے کے بعد بذریعہ بحری جہاز کراچی سے کینیا کے شہر ممباسہ کے لئے میری روانگی تھی۔ اس وقت میرے سسر کوئٹہ میں تھے۔ ان سے ملنے کوئٹہ جانے کا پروگرام بنا۔ چنانچہ بذریعہ ٹرین میں گوجرانوالہ سے کوئٹہ کے لئے روانہ ہوا۔ کوئٹہ پہنچا تو اطلاع ملی کہ خدا تعالیٰ نے بیٹی سے نوازا ہے۔ ماسٹر عطا محمد صاحب استاد جامعہ احمدیہ کوئٹہ میں مقیم تھے۔ ان کے کہنے پر واپس گوجرانوالہ آیا۔ بچی کو دیکھا اور عقیقہ کر کے کراچی کے لئے روانہ ہوا۔ گوجرانوالہ کے دوست الوداع کہنے کے لئے سٹیشن پر تشریف لائے۔

بحری جہاز کراچی سے روانہ ہو کر 9 دن میں ممباسہ پہنچا۔ یہاں پر مولانا عبدالکریم صاحب شرما مربی سلسلہ تھے۔ انہوں نے پورٹ پر ریسیو کیا اور مشن ہاؤس لے گئے۔ ایک دن قیام کر کے دوسرے دن بذریعہ ٹرین نیروبی پہنچا۔ یہاں پر مکرم شیخ مبارک احمد صاحب رئیس دعوت الی اللہ مشرقی افریقہ مقیم تھے۔ ان کے پاس چند دن ٹھہر کر یوگنڈا کے شہر جنجہ جا کر حاضری دی۔ وہاں پر مولانا عنایت اللہ صاحب خلیل مربی تھے اور محمد حسین صاحب کھوکھر صدر تھے۔

مشرقی افریقہ کے حالات

جنجہ شہر جھیل وکٹوریہ کی بندرگاہ ہے۔ جھیل وکٹوریہ اتنی بڑی ہے کہ مشرقی کے تینوں ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ تین ممالک کینیا، یوگنڈا اور تنزانیہ ہیں۔ جنجہ کے قریب ایک پہاڑی سلسلہ ہے۔ جسے Moon Mountain کا نام دیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ جگہ ہے جو دریائے نیل کا منبع ہے۔ یہ جگہ بھی جھیل وکٹوریہ پر واقع ہے۔ یہاں سے دریائے نیل نکلتا اور مصر تک جا پہنچتا ہے۔ منبع کی دریافت پر سو سال گزرنے کے موقع پر یہاں جشن منایا گیا۔ اس جشن میں انگلستان سے ایک معمر عورت کو شامل ہونے کے لئے بلایا گیا جو کہ دریافت کرنے والے کی پوتی تھی۔

کچھ دن وہاں قیام کیا اور امیگریشن کی کارروائی مکمل کر کے پھر نیروبی آ گیا۔ یہ شہر کینیا کا دارالخلافہ ہے۔ یوگنڈا کا دارالخلافہ کمپالہ ہے۔ وہاں اس وقت کوئی جماعتی ادارہ نہ تھا۔ البتہ پلاٹ تھا۔ جس پر بعد میں ہائی سکول اور مشن ہاؤس اور بیت الذکر تعمیر ہوئی۔ جنجہ میں البتہ بیت الذکر اور مشن ہاؤس تھا۔ کمپالہ میں جب بیت الذکر تعمیر ہوئی تو اس کا افتتاح مکرم چوہدری سر ظفر اللہ خاں صاحب نے کیا۔ جبکہ وہ U-N-O کے صدر تھے۔

نیروبی آ کر مکرم شیخ مبارک احمد صاحب کے ساتھ کام شروع کیا۔ رہائش کے لئے بیت الذکر کے قریب ایک احمدی دوست یوسف احمدی صاحب کے مکان میں ایک کمرہ کرایہ پر لیا گیا۔ کھانا مکرم شیخ صاحب کے ساتھ کھاتا تھا۔ آپ کی اہلیہ بڑی محبت کا سلوک کرتی تھیں۔ اگر کسی روز چائے کے وقت میں موجود نہ ہوتا اس کے بدلے رات کو دودھ پینے کے لئے بھجوا دیتی تھیں۔

نیروبی مشن سے دو اخبار چھپتے تھے۔ ایسٹ افریقن ٹائمز انگریزی میں اور Mapenzi Ya Mungu سواحیلی زبان میں۔ ان اخبارات کی اشاعت اور ترسیل کا کام کرنا ہوتا تھا۔ خاکسار انگریزی اخبار کی پروف ریڈنگ بھی کرتا تھا۔ اس کی ایڈیٹنگ مکرم عبدالسلام صاحب بھٹی کرتے تھے۔ جو کہ نیروبی کے ایک سکول کے پرنسپل تھے اور جماعت نیروبی کے صدر بھی تھے۔ ان کی معاونت ان کے بھتیجے اور داماد مکرم کبیر بھٹی صاحب کرتے تھے۔ سواحیلی زبان میں مختلف موضوعات پر کتب تیار کی گئی تھیں۔ ان کا اشتہار اپنی اخبارات میں دیا جاتا تھا۔ اس بناء پر ان کے

آرڈرز آتے تھے اور یہ کتب بذریعہ ڈاک بھجوائی جاتی تھیں۔ قرآن کریم کا سواحیلی ترجمہ بھی چھپ چکا تھا۔ اس کی بھی بڑی مانگ رہتی تھی۔ کینیا کے سیاسی لیڈر مسٹر جوموکینیاٹا جب قید سے رہا ہوئے تو شیخ مبارک احمد صاحب ان سے ملنے گئے تا کہ رہا ہونے پر ان کو مبارکباد پیش کریں اور احمدیت کا پیغام بھی پہنچائیں۔ قرآن کریم کا ترجمہ سواحیلی زبان کا نسخہ بطور تحفہ دینے کے لئے لے گئے۔ جب یہ قرآن کریم مسٹر کینیاٹا نے دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ قرآن کریم تو پہلے ہی میرے پاس موجود ہے۔ اندر جا کر وہ کاپی اٹھا لائے اور بتایا کہ مجھے یہ قرآن کریم جیل میں ڈاکٹر نذیر احمد صاحب نے دیا تھا۔ انہوں نے سورۃ فاتحہ زبانی یاد کروادی تھی۔ میں اس کا مطالعہ کرتا ہوں اس سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ اس موقع پر کچھ غیراز جماعت دوست بھی مسٹر جوموکینیاٹا صاحب سے ملنے آئے اور کچھ انگلش کتب دینے کے لئے ساتھ لائے۔ جب انہوں نے سواحیلی قرآن کریم والی بات سنی تو بڑے حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم احمدیوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ڈاکٹر نذیر احمد صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت سردار عبدالرحمٰن صاحب سابق مہر سنگھ کے بیٹے تھے۔ نہایت مخلص اور سرگرم داعی الی اللہ تھے۔

اسی دوران میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ مجھے نزلہ زکام کی تکلیف کی وجہ سے ہلکا سا بخار ہو گیا۔ مکرم میر سید احمد صاحب ناصر ابن حضرت میر محمد اسماعیل صاحب مجھے ایک ہندو ڈاکٹر کے پاس معائنہ کے لئے گئے۔ ان دنوں پنسلین نئی نئی ایجاد ہوئی تھی اور ڈاکٹرز اس کا بہت استعمال کرتے تھے۔ اکثر ٹیکے کی شکل میں استعمال ہوتی تھی۔ اس بات کا خیال رکھا جاتا تھا کہ مریض پر ردعمل نہ ہو جائے اس کا ٹیسٹ کر کے ٹیکہ لگایا جاتا تھا۔ ڈاکٹر مذکور نے میرا معائنہ کیا اور بغیر پوچھے اور ٹیسٹ کئے مجھے ٹیکہ لگا دیا۔ مجھے کچھ ریسٹ کے لئے لیٹے رہنے کو کہا۔ تھوڑی دیر بعد میرا دل گھٹنے لگا اور گھبراہٹ ہونے لگی میں نے میر صاحب کو آواز دی۔ میر صاحب کے ساتھ ڈاکٹر بھی آ گیا اور میری حالت دیکھ کر ڈاکٹر کی ہوائیاں اڑنے لگیں کیونکہ ٹیکے کا ردعمل ہونے لگا تھا۔ ڈاکٹر نے سب نرسوں کو بلا لیا اور ردعمل کے لئے مزید ٹیکہ لگایا اور ڈاکٹر نے مجھے پوچھا کہ کیا آپ نے کبھی اس سے پہلے پنسلین نہیں لی تھی۔ میں نے کہا نہیں۔ کہنے لگا مجھے پہلے ٹیسٹ کر لینا چاہئے تھا، بہرحال دوسرا ٹیکہ لگنے سے طبیعت سنبھل گئی اور ڈاکٹر نے کچھ اور دوائی دے کر رخصت کیا اور کہا کہ اپنی جیب میں لکھ کر رکھ لیں کہ I am alergic to pencillin رات کا وقت تھا۔ گھر آ کر سو گیا۔ صبح اٹھا تو جسم پر خارش کا احساس ہونے لگا۔ ڈاکٹر نے جو گولیاں دی تھیں وہ کھانی شروع کر دی۔ مگر آہستہ آہستہ جسم پر سرخ رنگ کے چھالے سے نکلنے شروع ہو گئے ڈاکٹر سے ذکر کیا تو اس نے کہا Reaction کے بعد ایسا ہوتا ہے۔ دوائی کھائیں ٹھیک ہو جائیں گے۔

مکرم شیخ مبارک احمد صاحب نے از راہ شفقت تبدیلی آب و ہوا کی غرض سے ممباسہ جانے کا ارشاد فرمایا۔ وہاں عبدالکریم صاحب شرما کے پاس جا کر قیام کیا۔ شرما صاحب ایک سکھ ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ کچھ دنوں بعد واپس نیروبی آ گیا۔ اس عرصہ کے دوران مکرم شیخ مبارک احمد صاحب کا تبادلہ ہو گیا اور آپ مرکز میں تشریف لے گئے ان کے بعد مکرم مولانا نورالحق صاحب انور کینیا کے مشنری انچارج مقرر ہوئے۔ خاکسار کو ممباسہ منتقل کر دیا گیا اور مولانا عبدالکریم صاحب شرما یوگنڈا کے مشنری انچارج ہو کر جنجہ تشریف لے گئے مکرم شیخ مبارک احمد صاحب بعد میں بطور سیکرٹری فضل عمر فاؤنڈیشن اور سیکرٹری حدیقۃ المبشرین بھی خدمات بجا لاتے رہے۔ پھر انگلستان کے مشنری انچارج کی حیثیت سے لندن تشریف لے گئے۔ امریکہ میں بھی آپ کو خدمت کا موقعہ ملا۔

ممباسہ میں تین چار پاکستانی خاندان تھے۔ دو تین عرب نوجوان تھے۔ جن کے ساتھ ممباسہ کے اردگرد جا کر دعوت الی اللہ کا موقعہ ملا جاتا تھا۔ ایک نابینا عرب نوجوان بھی احمدی ہوئے۔ ان کے ذریعہ نابینا دوستوں سے رابطہ کا موقع مل جاتا تھا۔

یہاں پر کھانا خود ہی پکانا پڑتا تھا۔ شروع میں تو کافی دقت پیش آئی۔ مگر آہستہ آہستہ کھانا پکانا آ گیا۔ روٹی پکانی بڑی مشکل تھی۔ ایک نوجوان غوری صاحب کا بیٹا تعلیم کے سلسلہ میں مشن ہاؤس میں رہائش پذیر ہوا۔ وہ بھی میرے ساتھ کھانا کھاتا تھا۔ بعض فیملیز نیروبی اور دیگر مقامات سے سیر و تفریح کے لئے یا بحری جہاز کے ذریعہ پاکستان آنے جانے کے لئے آتی تھیں۔ ان کی مہمان نوازی کرنا ہوتی تھی۔ مگر یہ فائدہ ہوتا تھا کہ ان کی وجہ سے کھانا پکا پکایا مل جاتا تھا۔ یہ لوگ شاپنگ بھی کرتے اور ساحل سمندر پر بھی جاتے۔ بیت الذکر کے ایک طرف آم کا درخت تھا اور دوسری طرف جامن کا۔ ان کے پھلوں سے بھی استفادہ ہوتا تھا۔

مرکز واپسی

1963ء میں تین سال مکمل ہونے پر خاکسار کو مرکز جانے کی اجازت مل گئی۔ بذریعہ شپ پاکستان روانگی ہوئی۔ میری بیوی بشریٰ منیر، بیٹی عزیزہ ثمینہ لطیف کے ساتھ گوجرانوالہ میں ہی مقیم تھی۔ میرے آنے پر تحریک جدید کا کوارٹر الاٹ ہوا تو وہ بھی ربوہ آ گئی۔ میری ڈیوٹی وکالت تبشیر میں لگی اور مکرم حسن محمد خان صاحب عارف نائب وکیل التبشیر کے ساتھ کام کرتا تھا۔ مکرم مرزا مبارک احمد صاحب وکیل التبشیر تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی علیل تھے۔ ایک نگران بورڈ تشکیل دیا گیا۔ جس کے صدر حضرت مرزا بشیر احمد صاحب تھے۔ ان دنوں جماعت کا بجٹ کم ہی ہوتا تھا اور یہ دستور تھا کہ جو مربی تین سال اکیلا رہ کر باہر سے آئے وہ تین سال مرکز میں اپنے اہل و عیال کے ساتھ رہے۔ اگر اسے تین سال سے پہلے بھجوانا مقصود ہو تو فیملی بھی ساتھ بھجوائی جائے۔ باہر سے مطالبات آ رہے تھے کہ مربیان بھجوائے جائیں۔ مربیان کی تعداد بھی کم تھی۔

مجھے کینیا سے واپس آئے ایک سال ہو گیا تھا۔ جلسہ سالانہ، مجلس شوریٰ، اجتماعات خدام و انصار دیکھ لئے تھے۔ عزیزوں اور دوستوں سے ملاقات بھی ہو گئی تھی۔ دوسری بیٹی طاہرہ منظور بھی اللہ تعالیٰ نے عطا کر دی تھی۔ مسعود احمد صاحب جہلمی سے مل کر ایم۔ اے عربی کا امتحان بھی پاس کر لیا تھا۔ خیال آیا کہ ممالک بیرون میں مربیان کی ضرورت ہے۔ کیوں نہ تین سال سے پہلے ہی جا کر میدان عمل میں خدمت کی جائے۔ بیوی سے ذکر کیا، تو اس نے بھی میری رائے سے اتفاق کرتے ہوئے اجازت دے دی۔ چنانچہ میں نے مکرم وکیل التبشیر صاحب کو لکھ دیا کہ میں تین سال مکمل ہونے سے پہلے بھی باہر جانے کو تیار ہوں بے شک اکیلے ہی خدمت کے لئے بھجوا دیں۔ مکرم مرزا مبارک احمد صاحب نے میری درخواست پر جزاکم اللہ لکھ کر دفتر کے سپرد کر دی۔

انتخاب خلافت ثالثہ میں شرکت

اسی دوران حضرت مصلح موعود اللہ کو پیارے ہو گئے اور حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفہ ثالث منتخب ہوئے۔ انتخاب میں خاکسار کو بھی حصہ لینے کا موقعہ ملا۔ کیونکہ تین سال بیرون ملک خدمت کرنے کی وجہ سے انتخاب کمیٹی کے ممبران میں شامل ہو گیا تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جماعتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے دیکھا کہ کون کون مربی باہر ہیں اور کون کون مرکز میں ہیں جن کو بھجوایا جا سکتا ہے۔ میرا نام بھی مرکز میں موجود مربیان میں شامل تھا۔ میرے متعلق حضور نے فرمایا کہ مع فیملی ان کو کینیا بھجوا دیا جائے۔

اللہ تعالیٰ کا خاص ہی فضل تھا کہ میں بغیر فیملی کے جانے کو تیار تھا اور اپنے آپ کو پیش بھی کر دیا تھا۔ مگر حضور نے فیملی کے ساتھ جانے کا ارشاد فرمایا۔ چنانچہ وکالت تبشیر نے فیملی کے ساتھ بھجوانے کا انتظام کیا۔ بحری جہاز کے ذریعہ ہی جانا تھا چنانچہ بحری جہاز پر سیکنڈ کلاس میں سیٹیں بک کرائی گئیں۔ پہلے جب میں اکیلا گیا تھا تو ڈیک کلاس کی سیٹ ہی مل سکی تھی جاتی دفعہ بھی اور آتی دفعہ بھی۔

خلیفۃ المسیح الثالث کی بات پوری ہوئی

روانگی سے پہلے حضور سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ حضور نے میری بیوی سے فرمایا کہ تم بھی زندگی وقف کر دو، چنانچہ حضور کے ارشاد کی تعمیل میں وقف زندگی کا فارم پر کر کے دفتر میں دے دیا گیا۔ حضور نے دریافت فرمایا کہ بچے کتنے ہیں عرض کیا دو بیٹیاں ہیں حضور نے فرمایا اچھا اللہ تعالیٰ افریقہ میں بیٹا دے گا۔ چنانچہ کینیا میں سال بعد اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا فرمایا۔ جس کو ہم نے حضور کی خدمت میں بطور وقف پیش کر دیا۔ حضور نے منظور فرمایا اور ظہیر احمد نام عطا کیا۔ جامعہ احمدیہ سے عزیزم نے شاہد پاس کر کے ضلع سرگودھا اور ضلع گوجرانوالہ میں بطور مربی کام کیا۔ پھر مرکز میں رہ کر بہائی مذہب پر مقالہ لکھ کر تخصص کیا۔ ازاں بعد ملتان میں مربی ضلع کی ڈیوٹی لگی وہاں سے جنوبی افریقہ جانے کا ارشاد ہوا۔ تین سال یہاں اکیلے رہے پھر فیملی بھی آ گئی۔

ہم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ تو نے بیٹا دیا جو ہم نے وقف کر کے حضرت صاحب کو دے دیا ہے۔ اب تو ہمیں اور بیٹا عطا کر۔ اللہ تعالیٰ نے دعا قبول کی اور دوسرا بیٹا عزیزم حافظ فخر احمد عطا فرمایا۔ اس کی پیدائش سے پہلے جبکہ میں سویڈن میں تھا خواب میں دو نہات خوبصورت سیب مجھے دیئے گئے۔ حضور نے بیٹے کا نام فخر احمد رکھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قرآن کریم حفظ کرنے کی توفیق دی۔ آجکل جرمنی میں ہے۔

کینیا کے حالات

کینیا میں اس وقت مکرم صوفی محمد اسحاق صاحب مربی انچارج تھے بعد میں ان کا تبادلہ یوگنڈا ہو گیا اور مکرم ملک جمیل الرحمٰن صاحب رفیق تنزانیہ سے کینیا میں مربی انچارج بن کر تشریف لائے۔ خاکسار کو پہلے کسموں شہر میں اور بعد ازاں ممباسہ میں خدمت کی توفیق ملی۔ یہ دونوں شہر بندرگاہ ہیں، کسموں جھیل وکٹوریہ کی بندرگاہ ہے اور ممباسہ بحر ہند کی بندرگاہ ہے۔

کسموں میں تین چار پاکستانی خاندان تھے۔ جن کا تعلق حیات فیملی سے تھا۔ رشید حیات اور بشیر حیات صاحب دونوں بھائی تھے، دو ان کی ہمشیرگان تھیں۔ فضل الٰہی صاحب اور حبیب اللہ صاحب ان کے بہنوئی تھے۔ تیسرے بہنوئی محمد شریف تھے ان کی بیوی فوت ہو چکی تھی۔ ان کی فیملی ہمارے ساتھ ہی مشن ہاؤس میں رہتی تھی۔

کسموں شہر کے قیام کے دوران اردگرد کے علاقہ جات میں جا کر دعوت اللہ کا موقعہ ملتا رہا۔ دو لوکل معلمین تھے۔ ان کے ساتھ پروگرام بنا کر ان کے علاقوں میں جاتے۔ احباب جماعت سے ملاقات ہوتی اور دعوت الی اللہ کا موقعہ مل جاتا۔ سینکڑوں افراد بیعت کر کے جماعت میں شامل ہوئے، تین جگہ بیوت الذکر بھی بنائیں۔ دوروں کے دوران پمفلٹ بھی تقسیم کئے جاتے اور ساتھ کتب اور اخبار فروخت بھی ہوتے۔

دعوت الی اللہ کی مساعی

یہاں پر موٹر سائیکل دورہ جات پر جانے کے لئے مل گیا۔ پہلے بس پر یا پیدل ہی سفر کیا جاتا تھا۔ اس علاقہ میں ایک جگہ کے امام مسجد سے رابطہ ہوا، انہوں نے سارا لٹریچر مطالعہ کر لیا اور احمدیت کو سچا مان لیا۔ بیعت کے لئے کہتے کہ اکیلے نہیں کروں گا اور لوگوں کو ساتھ لے کروں گا۔ چنانچہ وہاں جلسہ کیا گیا۔ علاقہ کے مرد و زن جمع ہوئے۔ میں معلم صاحب کے ساتھ

وہاں گیا، تقریر کی، سوال و جواب ہوئے۔ تو اس موقعہ پر امام مسجد کے علاوہ 60افراد نے بیعت کی۔ 40مرد اور 20 مستورات جماعت میں شامل ہوئیں۔ اس جگہ کا نام بیٹرا مارکیٹ ہے۔

خوشی خوشی واپس روانہ ہوا۔ معلم صاحب اپنے گھر چلے گئے اور میں اکیلا ہی موٹر سائیکل پر کسموں کے لئے روانہ ہو گیا۔ راستے میں بوندا باندی شروع ہو گئی۔ رکنا مناسب نہ سمجھا کہ جلد گھر پہنچ جاؤں اور 60 افراد کی بیعت کی خوشخبری سناؤں۔ مگر بارش کی وجہ سے موٹر سائیکل پھسلا اور مجھے گھسیٹتا ہوا دور تک لے گیا۔ جسم پر کافی چوٹیں آئیں۔ مگر سر محفوظ رہا کیونکہ ہیلمٹ پہنا ہوا تھا۔ ایک ٹرک ڈرائیور نے مجھے دیکھ لیا اور اپنے ساتھ سوار کر کے گھر چھوڑ گیا۔ موٹر سائیکل کا اور اپنا علاج کروایا گیا۔

اس علاقہ میں ایک جگہ ایلڈوریٹ ہے۔ وہاں پر بھی تین چار پاکستانی فیملیز تھیں۔ ایک بھٹی صاحب وہاں کے سکول میں ہیڈ کلرک تھے اور ان کا بیٹا محبوب بھٹی اکاؤنٹس کا کام کرتا تھا اور اس کا الگ دفتر تھا۔ ایک بشارت احمد صاحب تھے جو ریونیو آفیسر تھے اور ایک دوست اور تھے جو کہ ٹمبر مرچنٹ تھے۔ جنگلات سے لکڑی سے حاصل کر کے منڈی میں لاتے تھے۔ محبوب بھٹی صاحب کے ساتھ مل کر اردگرد گھوم پھر کر لوگوں سے ملتے، زبانی گفتگو ہوتی، لٹریچر بھی تقسیم کیا جاتا اور فروخت بھی ہوتا۔

کسموں کے دوران وہاں زراعتی نمائش کا اہتمام گورنمنٹ کی طرف سے کیا گیا۔ جس میں مختلف کمپنیوں نے سٹال لگائے۔ ہم نے بھی ایک پلاٹ حاصل کر کے اپنا سٹال لگایا۔ جس میں کتب برائے فروخت و ملاحظہ رکھی گئیں اور تصاویر کے ذریعہ مختلف ممالک میں موجود بیوت الذکر اور مشن ہاؤس دکھائے گئے۔ تقسیم کرنے والا بھی لٹریچر رکھا گیا۔ اس شو کا افتتاح صدر مملکت جوموکنیاٹا صاحب نے کیا۔ سٹال پر بہت سے لوگ آئے جن سے زبانی گفتگو بھی ہوئی اور لٹریچر بھی ان کو دیا گیا۔ اس قسم کا شو نیروبی میں بھی بڑے پیمانہ پر ہوتا ہے کسموں میں سٹال لگانے کے تجربہ کو مدنظر رکھتے ہوئے وہاں بھی سٹال لگانے کا پروگرام بنایا گیا۔ جو کہ بہت کامیاب رہا۔ اب ہر سال وہاں زراعتی شو میں سٹال لگایا جاتا ہے۔ یہ دعوت الی اللہ کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔

اسی طرح ایلڈوریٹ میں بھی یہ شو لگتا ہے۔ وہاں بھی محبوب بھٹی صاحب کی مدد سے پلاٹ لے کر سٹال لگایا گیا جو کہ کامیاب رہا۔ کافی لٹریچر فروخت ہوا۔ فری بھی تقسیم کیا گیا۔ تصاویر کے ذریعہ مختلف مشنوں کے تعارف کا موقعہ ملا کچھ عرصہ بعد میری تبدیلی ممباسہ شہر میں ہوگئی۔ یہاں بھی زراعتی شو میں سٹال گلایا جاتا اور اردگرد کے علاقوں میں جا کر دعوت الی اللہ کا موقعہ ملتا۔ سکولوں میں جا کر بذریعہ تقریر و لٹریچر تقسیم کرنے کا موقعہ ملتا رہا۔ اس علاقہ میں بھی دو بیوت الذکر بنانے کی توفیق ملی۔ کچھ بیعتیں بھی ہوئیں۔ پرانے احمدی احباب سے ملک کران کو جماعت سے ملایا۔

کسموں کے علاقہ میں تعمیر ہونے والی بیت الذکر میں وہاں کے احمدیوں کے ساتھ نماز عید ادا کی اور بعد میں خطبہ دیا۔ غیر از جماعت دوستوں نے الگ اپنی جگہ نماز ادا کی۔ فارغ ہو کر ہماری بیت الذکر کے پاس سے چند دوست گزرے میں خطبہ عید ختم کرنے والا تھا۔ کھڑے ہو گئے اور آخری حصہ خطبے کا سنا۔ دعا کے بعد وہ کہنے لگے کہ ہم نے آپ کا خطبہ کا آخری حصہ سنا ہے جو کہ ہمیں بہت اچھا لگا آپ ہمیں بتائیں اس سے پہلے آپ نے کیا بیان کیا چنانچہ مجھے سارا خطبہ دہرانا پڑا۔ سن کر کہنے لگے کہ یہ باتیں ہم نے پہلی دفعہ سنی ہیں۔ کھانے کا پروگرام تھا ان کو کھانے کی دعوت دی گئی۔

میں نے مردوں میں بیٹھ کر کھانا کھایا اور میری بیوی نے عورتوں کے ساتھ اندر گھر میں۔ یہ بات بھی ان کے لئے عجیب اور حیران کن تھی۔ ہماری جماعت کے صدر کھانے کے بعد کھڑے ہو گئے اور بیان کیا کہ ہمارے علماء عام لوگوں کے ہمراہ بیٹھ کر کھانا نہیں کھاتے، الگ بیٹھ کر اور سپیشل کھانا کھاتے ہیں مگر ہمارے شیخ (مربی) نے ہم سب کے ساتھ بیٹھ کر وہی کھانا کھایا ہے جو ہم نے کھایا اور ان کی بیگم نے اندر عورتوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا تناول کیا۔ نہ خاص جگہ کا انہوں نے مطالبہ کیا نہ ہی الگ کھانے کا۔

